بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 1013-اے ایس ایف بتاریخ 07-11-2019

نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیرِ اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم ودہم (سالانہ) امتحان 2020ء کے شروع ہونے کی تاریخ 22-فروری 2020ء ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے داخلہ فارم مع امتحانی فیس وصول کرنے کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

آغاز انعقاد سیکنڈری سکول (سالانہ) امتحان 2020ء مورخہ 22-فروری 2020

-1	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	11-نومبر 2019ء تا 06-دسمبر 2019ء
-2	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	07-دسمبر 2019ء تا 16-دسمبر 2019ء
-3	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	17-دسمبر 2019ء تا 23-دسمبر 2019ء

اہم قواعد:۔

1۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ 11-نومبر 2019ء تا 06-دسمبر 2019ء تک اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کروا سکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے اور اصل سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/550 روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ، بنک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔

2۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ پراسیسنگ فیس -/395 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس -/550 روپے کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

☆ **23-دسمبر 2019ء کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

☆ شرح فیس نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ www.biselahore.com وزٹ کریں۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول بورڈ کی ویب سائٹ www.biselahore.com پر بھی دستیاب ہے۔

07/11/19

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:۔

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔

Result.pk

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 1013-اےایس ایف بتاریخ 07-11-2019

نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (سالانہ) امتحان 2020ء کے شروع ہونے کی تاریخ 22-فروری 2020ء ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے لیے سنگل امتحانی فیس و دیگر واجبات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

تفصیل شرح سنگل امتحانی فیس و دیگر واجبات

ریگولر امیدواران

تفصیل	نویں کلاس	دسویں کلاس	نویں و دسویں (دونوں کلاسز)
سائنس گروپ	650/-روپے	650/-روپے	1300/-روپے
آرٹس مع پریکٹیکل مضمون	650/-روپے	650/-روپے	1300/-روپے
آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون	600/-روپے	600/-روپے	1200/-روپے
پروسیسنگ فیس	395/-روپے	395/-روپے	395/-روپے
اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ)	----------	550/-روپے	550/-روپے

پرائیویٹ امیدواران

تفصیل	نویں کلاس	دسویں کلاس	نویں و دسویں (دونوں کلاسز)
سائنس گروپ	700/-روپے	700/-روپے	1400/-روپے
آرٹس مع پریکٹیکل مضمون	700/-روپے	700/-روپے	1400/-روپے
آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون	650/-روپے	650/-روپے	1300/-روپے
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	800/-روپے	800/-روپے	800/-روپے
پروسیسنگ فیس	395/-روپے	395/-روپے	395/-روپے
اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ)	----------	550/-روپے	550/-روپے

Result.pk

☆ امتحانی فیس کے ساتھ اصل سرٹیفکیٹ فیس -/550 روپے ہر امیدوار کو صرف ایک مرتبہ ادا کرنا ہوگی۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ کی ویب سائٹ www.biselahore.com وزٹ کریں۔

☆ شرح امتحانی فیس و دیگر واجبات کی تفصیل بورڈ ھذا کی ویب سائٹ www.biselahore.com پر بھی دستیاب ہے۔

07/11/19

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:-

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔